وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

# Press Release

## وفاقی محتسب کی ہدایت پر آن لائن پروٹیکٹر اسٹیمپ کا آغاز

## بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے یہ سہولت ائر پورٹس پر بھی فراہم کر دی ہے

اسلام آباد(      )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے بیرون ملک ملازمت یا تعلیم کے لئے سفر کرنے والے پاکستانیوں کے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر اسٹیمپ لگانے کا ایک دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ واضح رہے کہ مڈل ایسٹ اور دیگر ممالک میں روزگار کے لئے جانے والوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر اسٹیمپ لگوائیں بصورت دیگر انہیں بیرون ملک سفر کی اجازت نہیں دی جاتی اور انہیں ائر پورٹ سے واپس بھیج دیا جاتا تھا جس سے ان کی بیرون ملک ملازمت کے ساتھ ساتھ ٹکٹ کی رقم بھی ضائع ہو جاتی تھی۔ اب وفاقی محتسب کی مداخلت اور وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں کے دوروں کے سبب بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے آن لائن بھی پروٹیکٹر اسٹیمپ لگانے کی سہولت فراہم کر دی ہے۔ علاوہ ازیں وفاقی محتسب کی ہدایت پر پاکستان میں تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر بھی چوبیس گھنٹے یہ سہولت میسر ہے تا کہ اگر کوئی شہری لاعلمی کی بنیاد پر پروٹیکٹر اسٹیمپ نہ لگوا پائے تو ائر پورٹ پر ہی اس کی یہ مشکل حل کر دی جائے۔ رواں سال کے دوران اب تک 14,339 بیرون ملک سفر کرنے والے پاکستانی اس سہولت سے استفادہ کر چکے ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

24 ستمبر 2024ء